موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کئی ضمنی موضوعات پر بھی روانی سے معلومات فراہم کرتے چلے جاتے ہیں، مثلاً: مفسرین قرآن کے تفسیری مناہج کے ضمن میں ڈاکٹر حمید اللہ مرحوم کے ہاتھ پر مسلمان ہونے والے مشہور فرانسیسی موسیقار ژاک ژیلبر کا دل چسپ واقعہ اور قرآن کے بارے میں اُس کے سوالات (ص ۲۲۷-۲۳۰)۔ اسی طرح اعجاز القرآن کے ضمن میں کعبۃ اللہ کے پردوں کی کیفیت کا بیان (ص ۲۶۴)، وغیرہ۔ گویا علوم القرآن سے متعلق ان محاضرات میں تاریخ اسلام کی جھلک بھی نمایاں ہے۔ مؤلف کی بعض آرا سے علمی اختلاف کی گنجایش کے باوجود، کتاب کی افادیت سے انکار ممکن نہیں۔ (ڈاکٹر محمد حماد لکھوی)

صحابہؓ کی زندگیاں، ڈاکٹر عبدالرحمٰن رافت پاشا۔ مترجم: اقبال احمد قاسمی۔ ناشر: دارالمسلم، لاہور۔ صفحات: ۴۰۶۔ قیمت (مجلد): ۱۶۵ روپے

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین وہ نفوسِ قدسی ہیں جن کو خاتم الانبیا والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے جمالِ جہاں آرا سے اپنی آنکھیں روشن کرنے، آپؐ پر ایمان لانے اور آپؐ سے براہِ راست استفاضے کا شرف حاصل ہوا۔ ان پاک نفس ہستیوں نے تہذیب و تمدن کی زُلفوں کو سنوارا، سیاست و معیشت کے چہرے کو نکھارا، جہالت کے اندھیروں اور کفر و شرک کی ظلمتوں میں ہدایت کی شمعیں روشن کیں۔ ان کی عظمت اور رفعتِ کردار پر اللہ تعالیٰ نے قرآنِ حکیم میں جابجا مُہرِ تصدیق ثبت فرمائی اور ان کی عظیم الشان 'کامیابی' کا ذکر اس طرح فرمایا: رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ (المائدہ ۵:۱۱۹) [اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے]۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے بعد صحابۂ کرامؓ (بشمول صحابیاتؓ) کے سوانح حیات کے مطالعے سے تعلق باللہ اور عشقِ رسولؐ محکم و متحرک ہوتا ہے۔ زیرِ نظر کتاب ۵۵ صحابۂ کرامؓ اور تین صحابیاتؓ کے ایمان افروز سوانح حیات پر مشتمل ہے۔ یہ مصر کے نامور ادیب ڈاکٹر عبدالرحمٰن رافت پاشا کی عربی تالیف صُوَرٌ مِنْ حياة الصّحابة کا اُردو ترجمہ ہے۔ ترجمہ نہ صرف رواں، شگفتہ، شستہ اور عام فہم ہے بلکہ اس میں ادبیت بھی پائی جاتی ہے۔ فاضل مترجم